امتحان میٹرکولیشن کے نصاب دینیات کے لئے لکھی گئی تھی چنانچہ اُس کے نصاب میں شامل بھی ہے۔ اس میں عبادت کے مفہوم اور فقہ کی اصطلاح میں احکام کی تقسیم پر گفتگو کرنے کے بعد پہلے عبادات یعنی نماز۔ روزہ اور زکوٰۃ کے احکام و مسائل کا اور اُس کے بعد اسلامی اخلاق کا بیان ہے زبان اور انداز بیان ہائی سکول کے طلباء اور طالبات کی استعداد کے مطابق ہے۔ اگرچہ یہ نصاب کی کتاب ہے مگر عام مسلمان بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

(۱) ہماری دنیا حصہ اول ضخامت ۹۶ صفحات قیمت ۹ر } مرتبہ جناب افضل حسین صاحب
(۲) ہماری دنیا حصہ دوم ضخامت ۱۲۸ صفحات قیمت ۱۲ر } ایم۔ اے۔ ایل۔ ٹی تقطیع خورد۔
کتابت وطباعت بہتر ٹائیٹل بیج خوبصورت اور دیدہ زیب۔ پتہ:۔ مکتبۂ جماعت اسلامی (ہند) رام پور (یوپی)

اسلامی جماعت (ہند) رام پور نے اسکول کے مضامین پر درسی کتابوں کا جو مفید سلسلہ شروع کر رکھا ہے یہ دونوں کتابیں اسی کی ایک کڑی ہیں ان کتابوں میں بچوں اور بچیوں کو چوتھے اور پانچویں درجہ کے نصاب کے مطابق نہایت سہل و آسان اور دل نشین زبان میں جغرافیہ کے مبادیات کی تعلیم اس طرح دی گئی ہے کہ اُس سے خاص موضوع کے علاوہ بچوں کے دلوں میں خالق کائنات کی عظمت۔ انسانیت کی محبت اور وطن کی قدر بھی پیدا ہو جاتی ہے شروع میں جغرافیہ کی تعلیم سے متعلق اساتذہ کو ہدایات بھی دی گئی ہیں۔ کم از کم اسلامی مدارس اور اسکولوں کو ان کتابوں سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

آسان ریاضی حصہ پنجم | از جناب شوکت علی صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ٹی تقطیع خورد ضخامت ۱۹۲ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ:۔ مکتبۂ جماعت اسلامی (ہند) رام پور۔

یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے اس میں اسکولوں کی پانچویں جماعت کے لئے حساب اور علم ہندسہ کے اسباق نہایت سلیس اور آسان زبان میں جدید طریقۂ تعلیم کے مطابق دیئے گئے ہیں یہ واقعہ ہے کہ اگر کوئی ڈھنگ کا معلم لائق مؤلف کی ہدایات کی روشنی میں اس کتاب کو پڑھائے تو ریاضی جیسے خشک مضمون سے بھی بچہ کو مناسبت اور دلچسپی پیدا